Press Release
پریس ریلیز
मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی، حیدرآباد 032 500-تلنگانہ
فون وفیکس:040-23006606، 15-23006612 (1370)، ای میل:۔ pro@manuu.edu.in، manuupro1@yahoo.com، ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

26/دسمبر 2018

اُردو یونیورسٹی میں بین الاقوامی کانفرنس ''فارسی زبان وادب میں دکن کا حصہ''

حیدرآباد، 26/دسمبر (پریس نوٹ) انجمن استادانِ فارسی، ہند (اپٹا) کی 36 ویں بین الاقوامی کانفرنس کا مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں شعبۂ فارسی کے اشتراک سے 5 تا 7/فروری اہتمام کیا جارہا ہے۔ کانفرنس کا عنوان ''فارسی زبان وادب میں دکن کا حصہ'' ہے۔

پروفیسر شاہد نوخیز، صدر شعبۂ فارسی ومقامی سکریٹری اپٹا کے بموجب دکن میں فارسی کا آغاز علاء الدین خلجی کی آمد سے ہوتا ہے۔ بہمنی دور میں یہاں فارسی کو کافی فروغ ملا۔ اس کے بعد دکن میں شعراء وادبا کی ایک کہکشاں ابھری جس میں اہم نام ظہوری، ملک قمی، ابوالقاسم فرشتہ، محمود گاواں، ابراہیم عادل شاہ دوم اور دیگر شامل ہیں۔ اس کانفرنس میں دکن میں فارسی کے مختلف ادوار کا جائزہ لیا جائے گا۔

مزید تفصیلات پروفیسر عراق رضا زیدی، جنرل سکریٹری اپٹا سے ای میل iraq_raza@yahoo.co.in، iraqrazazaidi@gmail.com پر اور مانو، شعبۂ فارسی کے اساتذہ ڈاکٹر محمد رضوان سے 9844963518 اور ڈاکٹر جنید احمد سے 8803732935 سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ فارسی کے اساتذہ اور اسکالرس سے شرکت کی خواہش کی گئی ہے۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر